ہزار سال تک زندہ رہنے والے جاندار

زمین پر کئی جانور ایسے ہیں جو کئی سال نہیں بلکہ کئی صدیوں تک زندہ رہتے ہیں۔ ان میں کونسے جانور ہیں اور وہ کتنی عمر پاتے ہیں آیئے جانتے ہیں۔

(Turtles) کچھوے

طویل القامت دابر کچھوے، بحر ہند کے مختلف جزیروں میں رہتے ہیں سو سال کی عمر پانا تو ان میں بہت عام ہے۔
تاہم ادویتا نامی ایک کچھوے نے کچھوں کے اس غول میں سب سے زیادہ عمر پانے کا اعزاز حاصل کیا اور وہ دو سو چھپن برس تک زندہ رہا۔

(Greenland shark) گرین لینڈ شارک

کہا جاتا ہے کہ طویل عرصے تک زندہ رہنے والوں جانوروں کا تعلق پانی میں رہنے والے جانداروں سے ہے، جیسے گرین لینڈ شارک چار سو برس تک زندہ رہ سکتی ہے۔ کوئی بھی ریڑھ کی ہڈی رکھنے والا جاندار اتنا عرصہ تک زندہ نہیں رہ سکتا اس کی ایک وجہ تو یہ ہے کہ ان کی نشو ونما بہت سست روی سے ہوتی ہے اور ساتھ ہی ٹھنڈا ماحول بھی انہیں طویل عمر دینے میں مددگار ہوتا ہے۔

(Shell) شیل

آئس لینڈ میں پائے جانے والے ایک شیل نے پانچ سو سات برس عمر پائی۔ اسے منگ نام دیا گیا۔ تحقیق کرنے والوں نے اسے 2006 میں آئس لینڈ سے نکالا۔ درختوں کے تنوں پر بننے والے دائروں کی طرح اس کے شیل پر بھی ہر سال ایک دائرے کا اضافہ ہوتا ہے جس سے اس کی عمر اندازہ لگایا جاتا ہے۔

(Turritopsis) ٹوری ٹوپس

حیرت کی بات یہ ہے کہ ایک جانور تو نظریئے کے مطابق لافانی ہے اور وہ ہے ٹوری ٹوپسس جو کہ ایک جیلی فش ہے، محض پانچ ملی میٹر جسامت رکھنے والی یہ جیلی فش ایک منفرد صلاحیت رکھتی ہے۔ جیسے ہی اس خلیے زیادہ عمر کے ہو جاتے ہیں یہ سمندر کی تہہ میں غوطہ لگا کر ایک بار پھر جنیاتی طور اپنی ابتدائی شکل میں واپس آجاتی ہے۔ اس جیلی فش کی طرح انو کسی پلکس جو وینی بھی اسی طرح کا سائیکل جاری رکھ سکتا ہے۔ یہاں تک کہ کوئی اسے کھالے یا یہ کنارے پر بہتے ہوئے آجائے۔